آباد کراچی، پوسٹ کوڈ ۷۴۶۰۰۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔[سورۂ بنی اسرائیل کے تیسرے چوتھے رکوع میں وہ ۱۴ احکامات بیان کیے گئے ہیں جو اللہ کے رسولؐ کو معراج کے موقعے پر دیے گئے تھے۔ کسی اسلامی معاشرے کے یہ بنیادی اصول ہیں جن پر جدید دور میں ایک متمدن معاشرہ قائم کیا جاسکتا ہے۔ ڈاکٹر ایچ بی خان نے انھی ۱۴ اساسی اصولوں کو اس ضخیم کتاب میں سیرت و تاریخ کی روشنی میں بیان کیا ہے جس سے آج کے دور میں عملی رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔]

☆ **کرۂ ارض کے آخری ایام،** محمد ابومتوکل، ترجمہ: رضی الدین سید۔ ناشر: دارالاشاعت، اُردو بازار، ایم اے جناح روڈ، کراچی۔ فون: ۲۲۱۳۷۶۸۔ صفحات: ۲۹۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [مصنف کی انگریزی کتاب Milestones To Eternity کے تیسرے حصے میں قیامت کی لاتعداد چھوٹی بڑی نشانیوں پر سیرحاصل بحث کی گئی ہے اور تذکیر کے لیے قرآن کی آیات سے استدلال بھی کیا ہے، نیز ان نشانیوں کا کئی مقامات پر سائنسی تجزیہ بھی کیا گیا ہے۔ رضی الدین سید نے اس کا عمدہ ترجمہ کیا ہے جو دارالاشاعت نے عمدگی سے شائع کیا ہے۔ قیامت تو آج یا کل آنا ہے۔ اصل سوال تو یہ ہے کہ ہم نے اس کی تیاری کیا کی ہے!]

☆ **اسلام کا نظامِ حیات،** عبدالوہاب ظہوری۔ ناشر: شرکۃ الامتیاز، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۱۲۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔[مصر کے دانش ور محمد احمد جادمولیٰ کی کتاب المثل الکامل کی بنیاد پر یہ کتاب تالیف کی گئی ہے۔ اس میں فرد کی اصلاح و تربیت، جماعتی تنظیم، اجتماع کے آداب، عقائد، اخلاق وعادات، معاشی ذرائع، حکومت الٰہیہ کا قیام، اسلامی ریاست، اقوامِ عالم کی اصلاح جیسے موضوعات پر اسلامی نظامِ زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ایک جامع اور مفید کتاب اچھے معیار پر پیش کی گئی ہے۔]

☆ **شریعت یا جہالت،** تالیف: محمد پالن حقانی گجراتی۔ ناشر: بیت العلم ٹرسٹ، ST/9E، بلاک ۸، گلشن اقبال، کراچی۔ صفحات: ۸۵۳۔ قیمت: ۲۴۰ روپے۔[معاشرے میں ایسی بہت سی چیزیں رائج ہیں جنھیں لوگ دینی سمجھ کر کرتے ہیں، جب کہ دین میں ان کی کوئی اصل نہیں ہوتی بلکہ وہ دین کے خلاف ہوتی ہیں۔ ۸۵۰ صفحے کی اس کتاب میں اسی شرک اور بدعت سے بچانے کے لیے ۱۴۰ سے زیادہ عنوانات کے تحت قرآن وسنت کی روشنی بہم پہنچائی گئی ہے۔ مولانا ابوالحسن علی ندوی اور مولانا محمد زکریا کاندھلوی نے تحسین فرمائی ہے۔]

☆ **تحفظ نسواں یا تحفظ عصیاں بل،** تالیف: سمیحہ راحیل قاضی۔ ملنے کا پتا: مکتبہ معارف اسلامی، ۳۵-ڈی، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۶۳۴۹۸۴۰۔ صفحات: ۱۸۴۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔[اس مجموعے میں متعلقہ موضوع پر مؤلفہ کے اپنے مضمون کے علاوہ مفتی محمد تقی عثمانی، قاری محمد حنیف جالندھری، اسداللہ بھٹو، مفتی منیب الرحمٰن اور حافظ حسن مدنی کے مقالات یک جا کر دیے گئے ہیں۔]

☆ **حقیقت معاذ،** محبوب سبحانی۔ ناشر: دارالتذکیر۔ رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: